Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

QUR'AN · SOLUTIONS TO YOUR PROBLEMS

Enemy

دشمن

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا۔۔۔

WALILLAAHI AL-ASMAA'U AL-HUSNAA FAD'OOHU BIHAA...

And Allah's are the best names, therefore call on Him thereby...

اور اللہ ہی کے لئے بہترین نام ہیں لہذا اسے ان ہی کے ذریعہ پکارو۔۔۔

> It has been reported from Imam Reza (a) that if any person after namaz recites YAA RAHMAA-NO 298 times then Allah (swt) will make all the creatures his friend and his enemy will also be polite to him.

> حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ جو شخص نماز کے بعد 298 مرتبہ ''یَارَحْمٰنُ'' کا ورد کرے تو اللہ تعالیٰ تمام مخلوقات کو اس کا دوست بنادے گا اور اس کے دشمن بھی اس پر مہربان ہوجائیں گے۔

> If any person recites YAA SALAA-MO 318 times on any drink and makes the enemy drink it, he will forget the enmity and become his friend.

> اگر کوئی شخص شربت پر 318 مرتبہ ''یَاسَلَامُ'' کا دم کرے اور وہ شربت اپنے دشمن کو پلادے تو وہ دشمنی بھول جائے گا اور اس کا دوست بن جائے گا۔

> The one who wears the ring engraved with AL-MOO-MIN on its stone and observes while in purity is protected and remains safe from the evil of shaitaan, he gets victory on the enemy and his faith is protected.

> ''اَلْمُؤْمِنُ'' کے لفظ کو انگوٹھی پر نقش کروا کر پہننے اور ہمیشہ باطہارت اسے دیکھنے والا شر شیطان سے محفوظ و مامون رہتا ہے، اسے دشمنوں پر کامیابی حاصل ہوتی ہے اور اس کا ایمان ہمیشہ محفوظ رہتا ہے۔

Free to read, copy and share

If any person after reciting YAA A'ZEE-ZO 750 times, says MO'IZZO A'EZA-NEE BE-I'ZZATE-KA YAA A'ZEE-ZO and then recites the verse (9:128) and recites durood before and after this ritual then he will be a respectful person among the creatures of God, will be respected by the rulers and his words will be accepted, his enemy will become his friend, will get the victory with whomsoever he debates...

جو شخص 750 مرتبہ ''یا عَزِیزُ'' کا ورد کرنے کے فوراً بعد ''مُعِزُّ اَعِزَّنِیْ بِعِزَّتِکَ یا عَزِیزُ'' کہے پھر اس آیت کی تلاوت کرے۔ اس عمل کے اول و آخر درود پڑھے۔ یہ عمل کرنے والا شخص مخلوق خدا کی نظر میں باعزت ہو، امراء کی نظر میں باعزت و محترم اور مقبول القول ہوگا، اس کے دشمن اس کے دوست بن جائیں گے، جس شخص سے بحث و گفتگو کرے گا اسے مغلوب کرلے گا۔۔۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ

LAQAD JAA'AKUM RASOOLUN MIN ANFUSIKUM 'AZEEZUN 'ALAYHI MAA 'ANITTUM HAREESUN 'ALAYKUM BIL-MU'MINEENA RA'OOFUN RAHEEM

Certainly an Apostle has come to you from among yourselves; grievous to him is your falling into distress, excessively solicitous respecting you; to the believers (he is) compassionate, merciful.

یقیناً تمہارے پاس وہ پیغمبر آیا ہے جو تم ہی میں سے ہے اور اس پر تمہاری ہر مصیبت شاق ہوتی ہے وہ تمہاری ہدایت کے بارے میں حرص رکھتا ہے اور مومنین کے حال پر شفیق اور مہربان ہے۔

If any person wants high position, upper hand on wealth and enemy then he should recite this zikr 1058 times after dawn (twilight) or after namaz'e Subh so within short time he will get to it...

اگر کوئی شخص بلند مقام، دولت یا دشمنوں پر برتری چاہتا ہو تو طلوع صبح یا نماز صبح کے بعد 1058 مرتبہ اس ذکر کا ورد کیا کرے تو بہت ہی کم مدت میں مقصود حاصل کرلے گا۔۔۔

اَلْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ

AL-'AZEEZU AL-JABBAARU AL-MUTAKABBIR

The Mighty, The All-Powerful. The Compeller / The One who sets things right by His power. The Supremely Great / The One far above any imperfection (true greatness belongs to Him alone).

اے سب سے غالب، زبردست ! اے سب پر قدرت رکھنے والے، سب کو درست کرنے والے ! اے سب سے بڑا، شانِ کبریائی والا (حقیقی بڑائی صرف تیری ہے) !

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

The one who keeps this map with himself will overwhelm the enemy.

اس نقشہ کو اپنے پاس رکھنے والا دشمنوں پر غلبہ پالے گا۔

ق ا ھ ر ا ر ق ھ ر ا ھ ق ھ ق ر ا

QAAF ALIF HAA RAA ALIF RAA QAAF HAA RAA ALIF HAA QAAF HAA QAAF RAA ALIF

ق ا ھ ر ا ر ق ھ ر ا ھ ق ھ ق ر ا

It is reported from Imam Reza (a) that if any person is afraid of his enemy and his enemy is powerful then if he recites YAA QAABE-ZO 1000 times daily for 3 nights then either his enemy will become friend or will be busy in his work and forget the enmity.

حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص اپنے دشمن کا خوف رکھتا ہو اور اس کا دشمن قوی ہو تو اگر وہ 3 رات تک ہر رات کو 1000 بار ''یَاقَابِضُ'' کا ورد کرے تو اس کا دشمن یا تو اس کا دوست بن جائے گا یا اس کی دشمنی بھول کر ادھر اُدھر کے کاموں میں مشغول ہوجائے گا۔

If a person fears a powerful enemy then he should enclose himself with the zikr of YAA KHAAFE-ZO, this can be done by 3 days fast (without gap) and do iftar with the halaal food, eat very less, and in those days recite YAA KHAAFE-ZO frequently, then again fast on the 4th day and go in a lonely place recite 2 rakat namaz like fajr than facing qibla recite YAA KHAAFE-ZO 70000 times than do the prostration (sajdah) and ask Allah (swt) protection from that enemy, inshallah will be fulfilled.

جو شخص طاقتور دشمن کا خوف رکھتا ہو اس کو چاہیئے کہ ''یَاخَافِضُ'' کے اسم کا اپنے گرد حصار بنالے اس کا طریقہ یہ ہے: 3 دن لگاتار روزہ رکھے اور حلال سے افطار کرے، کم سے کم کھائے، ان ایام میں ''یَاخَافِضُ'' کا بہت زیادہ ورد کرے پھر چوتھے روز روزہ رکھے اور کسی تنہائی کے مقام پر جا کر ۲ رکعت نماز پڑھے اور رو بقبلہ ہوکر 70000 بار ''یَاخَافِضُ'' کا ورد کرے پھر سجدہ میں سر رکھ کر خدا سے اس دشمن سے محافظت مانگے، انشاء اللہ اپنی مراد پالے گا۔

If any person in the darkness of night prostrates on earth and recites 1000 times this zikr...

اگر کوئی شخص شب کی تاریکی میں خاک پر سجدہ کرے اور سجدہ کی حالت میں 1000 بار اس طرح سے کہے۔۔۔

Free to read, copy and share

يَامُذِلَّ الْجَبَّارِيْنَ وَمُبِيْرَ الظَّالِمِيْنَ ...

YAA MUZILLA AL-JABBAAREENA WAMUBEERA AZ-ZAALIMEENA ...

O Humiliator of the arrogant tyrants, and O Destroyer of the oppressors.

اے سرکش جابروں کو ذلیل کرنے والے ! اور اے ظالموں کو ہلاک / مٹا دینے والے !

> here take the name of the enemy and then say...
>
> یہاں دشمن کا نام لے اور کہے ۔۔۔

۔۔۔اَذِلْنِیْ فَخُذْ لِیْ مِنْهُ

...AZILNEE FAKHUZ LEE MINH

Make him humbled (bring him down) for me, then take my right from him / take revenge for me from him.

اسے میرے لیے ذلیل/پست کر دے، پھر اس سے میرا حق لے دے (یا اس سے میرا بدلہ لے دے)۔

> then Allah (swt) will accept his dua.
>
> تو خداوندعالم اس کی دعا قبول کرے گا۔

> If any person in the darkness of night prostrates on earth and recites this zikr 1000 times and then takes the name of the enemy, Allah (swt) will relieve him from the enemy...
>
> اگر کوئی شخص شب کی تاریکی میں خاک پر سجدہ کرے اور سجدہ کی حالت میں 1000 بار اس ذکر کا ورد کرے اور پھر دشمن کا نام لے تو خداوند عالم اسے دشمن سے امن دے گا۔۔۔

اِلٰهِیْ اٰمِنِّیْ مِنْ۔۔۔

ILAAHEE AAMINNEE MIN...

My God, keep me safe / protect me from ...

اے میرے معبود! مجھے ... سے محفوظ رکھ۔

Free to read, copy and share

It has been reported from Imam Reza (a) that to repel the powerful enemy, reciting YAA HASEE-BO 80 times daily is beneficial and effective. If the ritual (amal) starts on Thursday then will get the success soon.

حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ طاقتور دشمن کو دفع کرنے کے لئے ''یَاحَسِیبُ'' کو اپنا وردبنالے اور ہر روز 80 مرتبہ ورد کرے تو مفید و مؤثر ہے۔ اگر جمعرات کے دن عمل کا آغاز کرے تو جلد کامیاب و غالب ہوگا۔

Reciting YAA HASEE-BO is tried and tested to be safe from the evil of enemy.

''یَاحَسِیبُ'' کو اپنا وردبنالینا دشمنوں کے شر سے بچنے کے لئے بہت ہی مجرب ہے۔

If any person is fear about powerful enemy, eye pain, falsifying and deception of neighbour and enemy, dictatorship of ruler, difficulties in journey, too much debt and from harmful animals and husband wife are unhappy with each other, then should fast for 7 days from Thursday to Wednesday and during days recites this zikr 77 times and also recites the same at the starting of night (Maghrib) then very soon will get to it...

جو شخص طاقتور دشمن، زخم چشم، ہمسایہ اور دشمن کے مکرو فریب، جابر حاکم، سفر کی تکالیف، زیادتی قرض اور مضر جانوروں کی ایذارسانی سے ڈرے یا میاں بیوی اگر ایک دوسرے سے ناراض ہوں تو ایک ہفتے جمعرات سے بدھ تک روزہ رکھے، ان دنوں میں ہر روز 77 مرتبہ اس ذکر کا ورد کرے اور اس ہفتے کی راتوں میں ہر اول شب میں یہی بجالائے تو بہت جلد اپنے مقصود کو پالے گا۔۔۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ

HASBIYA ALLAAHU AL-HASEEB

Allah is sufficient for me He is the Reckoner / the One who is enough as a guardian and account-taker.

اللہ میرے لیے کافی ہے، وہی حساب لینے والا (اور کافی کارساز) ہے۔

It has been reported from Imam Reza (a) that if anybody has a powerful enemy and recites YAA RAQEE-BO 7 times, he will be safe from his evil intention.

حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ اگر کسی کا طاقتور دشمن ہو تو اگر وہ 7 بار ''یَارَقِیبُ'' کا ورد کرے تو اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

If anyone having a powerful enemy reciting YAA RAQEE-BO frequently he and his family members and wealth will be in protection.

اگر کسی شخص کا کوئی طاقتور دشمن ہو تو اگر وہ ''یَارَقِیْبُ'' کا ورد کرتا رہے تو وہ خود، اس کے اہل خانہ اور مال اسباب سب امان میں رہیں گے۔

A person came to Rasool'e Akram (s) and complained of having too many enemies, so He (s) suggested him to recite this same dua Fa-lillaa-hil Hamdo Rabis Samawaate (https://fzic.org/library/dua/paying-of-debts-3-3897).

ایک شخص نے رسول اکرمؐ سے دشمنوں کی کثرت کی شکایت کی تو آپؐ نے اسے بھی اسی دعا فَلِلّٰہِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوَاتِ (https://fzic.org/library/dua/paying-of-debts-3-3897) کے ورد کی تاکید کی۔

Reciting YAA WADOO-DO 20 times daily for 40 days will turn the enemy into friend.

اگر 40 دن تک 20 مرتبہ روزانہ ''یَاوَدُوْدُ'' کا ورد کیا جائے تو اس کے دشمن بھی دوست بن جائیں گے۔

Protection from the evil of enemy reciting YAA WAKEE-LO 66 times is beneficial.

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے 66مرتبہ ''یَاوَکِیْلُ'' کا ورد فائدہ مند ہے۔

Protection from the evil of enemy and burning from fire, enlightenment of the heart and to get rid of poverty reciting YAA WAKEE-LO 66 times daily during daytime is beneficial.

دشمن کے شر اور آتش سوزی سے محفوظ رہنے، دل کی نورانیت اور فقر سے دوری کے لئے دن کے وقت روزانہ 66 مرتبہ ''یَاوَکِیْلُ'' کا ورد فائدہ مند ہے۔

Free to read, copy and share

There is a saying from saints that if ones enemy is strong and powerful and if he by himself is not able to protect from his evil then should take little grain and knead the flour and should make 1000 small balls and recite YAA QAWIYYO 1000 times on each ball and make the hen to eat (remember when the ball is put before hen it should be on clean and pure place) inshallah will overcome the enemy.

بزرگوں کا قول ہے کہ اگر کسی شخص کا دشمن قوی و طاقتور ہو اور وہ خود سے اس کے شر کو دور نہ کر سکے تو تھوڑا سا گندم کا آٹا گوندھے اور اس کی 1000 گولیاں چھوٹی چھوٹی بنالے اور ہر گولی پر 1000 مرتبہ ''یَاقَوِیُّ'' کا ورد کرے اور مرغ کو کھلا دے (یاد رہے کہ جب وہ گولیاں مرغ کے سامنے ڈالے تو پاک و صاف زمین پر ڈالے) انشاء اللہ العزیز اپنے دشمن پر غالب رہے گا۔

To be protected from the enmity of the enemy reciting YAA MUMEE-TO 1470 times daily for 40 days is tried and tested.

دشمن کی دشمنی سے تحفظ کے لئے 40 روز تک روزانہ ''یَا مُمِیتُ'' کا 1470 مرتبہ ورد مجرب ہے۔

It has been reported from Imam Reza (a) that any person who makes the habit of reciting this zikr will get long life, wishes will be fulfilled, will get victory on the enemy and will always be ruler of the hearts and beloved one...

حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ جو شخص اس ذکر کے ورد کو اپنا معمول بنالے وہ عمر دراز پائے گا, اپنی مرادیں پالے گا، اپنے دشمن پر کامیابی حاصل کرے گا اور ہمیشہ دلوں کا حاکم و پسندیدہ ہوگا۔۔۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

YAA HAYYU YAA QAYYOOM

O Ever-Living, O Sustainer (Self-Subsisting Maintainer of all).

اے ہمیشہ زندہ ! اے سب کو سنبھالنے والے !

To shut the mouth of the enemy reciting YAA SAMA-DO is beneficial.

دشمنوں کا منہ بند کرنے کے لئے ''یَا صَمَدُ'' کا ذکر مفید ہے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

If a person is in prison of enemy so if he with ablution recites YAA SAMA-DO then Allah (swt) will give him such strength and power that he himself will be able to protect himself from the enemy's evil.

جو شخص دشمن کی قید میں ہو تو اگر وہ باطہارت ''یا صَمَدُ'' کا ذکر کرے تو خداوند عالم اس میں ایسی طاقت و قوت پیدا کردے گا کہ وہ اپنے دشمن کے شر کو خود سے دور کر سکے۔

It has been reported from Imam Reza (a) that any person who recites YAA QAADE-RO 3 times while washing each part during wuzu will have the upper hand over the enemy even if he himself might be weak.

حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ ہر وہ شخص جو وضو کرتے ہوئے ہر عضو کو دھوتے یا مسح کرتے وقت 3 بار ''یا قَادِرُ'' کا ورد کرے تو وہ اپنے دشمن پر غلبہ پالے گا اگرچہ وہ خود کمزور ہی کیوں نہ ہو۔

Any person during battle writes AL-MUQ-TADE-RO and keep it with oneself and go on reciting this zikr will get victory on his enemy.

جو شخص دوران جنگ ''اَلْمُقْتَدِرُ'' لکھ کر اپنے پاس رکھے اور اس اسم کا ذکر کرتا رہے تو اپنے دشمن پر فتح حاصل کرے گا۔

According to a saying, if AL MUQADDE-MO is written and kept with oneself and recited, it will help to defeat the enemy.

ایک قول کے مطابق ''اَلْمُقَدِّمُ'' کو لکھ کر اپنے پاس رکھنے اور ورد کرنے سے جنگ میں دشمن کو شکست دینے میں معاون ہے۔

Reciting YAA AWWALO 43 times daily will be the cause of getting freedom from the enemy.

ہر روز 43 مرتبہ ''یا اَوَّلُ'' کا ورد کرنا دشمن سے نجات کا باعث بنتا ہے۔

One who recites YAA AAKHE-RO frequently will overcome the enemy and his difficult work will be eased.

''یا اٰخِرُ'' کو اپنا ورد بنالینے والے کے لئے دشمن پر غلبہ اور مشکل سے مشکل کام بھی آسان ہوجاتے ہیں۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

Reciting YAA AAKHE-RO 801 times is tried and tested to be safe from the powerful enemy.

801 مرتبہ ''یَا اٰخِرُ'' کا ورد طاقتور دشمن سے نجات کے لئے مجرب ہے۔

Strength to overcome the enemies and for slip disc reciting YAA ZAAHE-RO is beneficial and is tried and tested.

دشمنوں پر غلبہ قوت کمر و باہ کے لئے ''یَا ظَاھِرُ'' کا ورد بہت ہی مفید و مجرب ہے۔

To end the enmity of enemy reciting YAA BAATE-NO 62 times is beneficial.

دشمن کی دشمنی کو دفع کرنے کے لئے 62 مرتبہ ''یَابَاطِنُ'' کا ورد مفید ہے۔

Reciting YAA BAATE-NO 62 times during night will be the cause for safety from the evil of enemy and to know the hidden secrets of the hearts.

روزانہ رات کے وقت 62 مرتبہ ''یَابَاطِنُ'' کا ورد کرنا دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے اور دلوں میں چھپے رازوں کو جاننے کا باعث ہے۔

It has been reported from Imam Jafar Sadiq (a) that a person who recites YAA MUNTA-QIMO 661 times on every Eve of Friday (Shab'e Juma) for 3 Fridays then his enemy will become weak and overpowered and will come and say sorry and will reconcile.

حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص ''یَا مُنْتَقِمُ'' کو اپنا وظیفہ بنا کر ہر شب جمعہ 661 مرتبہ ورد کرے اور اس عمل کو 3 شب جمعہ انجام دے تو اس کا دشمن مغلوب و مقہور ہوگا حتیٰ خود آکر معذرت کرے گا اور صلح کرے گا۔

For protection from the evil of enemies, reciting YAA MUNTA-QIMO is beneficial.

دشمنوں کے شر سے تحفظ کے لئے ''یَا مُنْتَقِمُ'' کا ورد مفید ہے۔

For protection from the evil of enemies, reciting YAA MUNTA-QIMO 630 times is beneficial.

دشمنوں کے شر سے تحفظ کے لئے 630 مرتبہ ''یَا مُنْتَقِمُ'' کا ورد مفید ہے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

It has been narrated from Ma'soom (a) that one who recites YAA NAAFE'O frequently on the Eve of Friday (shab'e Juma) will achieve closeness to Allah (swt), and if he goes in between the enemies will remain safe and steady.

معصومؑ سے مروی ہے کہ جو شخص ''یَا نَافِعُ'' کا شب جمعہ میں زیادہ سے زیادہ ورد کیا کرے تو قرب الٰہی حاصل کرلے گا اگر بے شمار دشمنوں کے درمیان بھی چلا جائے گا تو صحیح و سلامت رہے گا۔

If a person starts reciting YAA NAAFE'O from Thursday and on every Eve of Friday (shab'e Juma) recites 603 times for 6 Fridays will be independent in obvious and hidden, all his enemies will be conquered, will get profit in all his work from the start. Besides this he will be beneficial among people, he will have purity and will always overpower.

جو شخص جمعرات کے دن ''یَا نَافِعُ'' کا ورد شروع کرے اور چھ شب جمعہ میں ہر دفعہ 603 مرتبہ ''یَا نَافِعُ'' کا ورد کرے تو وہ شخص ظاہر و باطن میں مستغنی ہوگا، اس کے تمام دشمن مغلوب ہوں گے، ہر کام اور اقدام میں نفع حاصل کرے گا، اس کے علاوہ اس کا نفع تمام لوگوں کو پہنچے گا، اس میں پاکیزگی ہوگی اور ہمیشہ غالب رہے گا وغیرہ وغیرہ۔

A person who says this while going to sleep on an empty stomach will be aware of the hidden secrets...

جو شخص سوتے وقت خالی پیٹ ہونے کی صورت میں یہ کہے تو اسرار مکنونہ و پوشیدہ پر مطلع ہوگا۔۔۔

اَلْهَادِیُ الْخَبِیْرُ الْمُبِیْنُ

AL-HAADIYU AL-KHABEERU AL-MUBEEN

The Guide (the One who guides to the right path). The All-Aware / Fully Informed (nothing is hidden from Him). The Clear / The One who makes things clear and manifests the truth.

اے ہدایت دینے والے ! الخبیر: اے ہر بات سے باخبر ! المبین: اے حق کو روشن اور واضح کرنے والے !

And without gap says this will get victory and success on enemy...

اگر بلافاصلہ یہ کہے تو دشمنوں پر فتح و ظفر حاصل کرے گا۔۔۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

يَا هَادِیُ اِخْرُنِیْ یَاخَبِیْرُ وَبَیِّنْ لِیْ یَا مُبِیْنُ

YAA HAADIYU IKHRUNEE YAA KHABEERU WABAYYIN LEE YAA MUBEEN

O Guide, bring me out (of this difficulty); O All-Aware, and make it clear for me; O Clear-Maker (One who makes the truth manifest).

اے ہدایت دینے والے ! مجھے (اس مشکل / اندھیرے سے) نکال دے۔ اے ہر بات سے باخبر ! اور میرے لیے بات واضح کر دے۔ اے حق کو روشن و ظاہر کرنے والے !

To shut the enemies tongue reciting YAA SABOO-RO is beneficial and effective.

دشمن کی زبان بندی کے لئے ''یَا صَبُوْرُ'' کا ورد مفید و مؤثر ہے۔

Reciting YAA QAAHE-RO on regular basis is tried and tested to overpower the enemy and gain strength.

''یَا قَاھِرُ'' کو اپنا وردبنا لینا دشمنوں پر غلبہ اور قوت کے لئے مجرب ہے۔

If a person recites YAA QAAHE-RO 100 times after namaz'e Juma his enemy will be defeated, his heart will become pure & clean and his needs will be fulfilled.

اگر کوئی نماز جمعہ کے بعد 100 مرتبہ ''یَا قَاھِرُ'' کا ورد کرے تو اس کا دشمن مقہور ہوگا، اس کا دل پاک و صاف ہوجائے گا اور اس کی حاجات قبول ہوں گی۔

Reciting YAA QAAHE-RO 306 times after every namaz is tried and tested to overpower the enemy.

ہر نماز کے بعد 306 مرتبہ ''یَا قَاھِرُ'' کا ورد دشمن پر غلبہ پانے کے لئے مجرب عمل ہے۔

Any person who recites this zikr in last 3 nights of lunar month and curses the enemy then very soon the enemy will be defeated...

جو شخص قمری ماہ کی آخری 3 راتوں میں اس ذکر کا ورد کرے اور پھر دشمنوں پر نفرین کرے تو اس کے دشمن بہت ہی جلد مقہور ہوں گے۔۔۔

Free to read, copy and share

يَا قَهَّارُ يَا ذَالْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ۔

YAA QAHHAARU YAA ZALBATSHI ASH-SHADEEDI ANTA ALLAZEE LAA YUTAAQU INTIQAAMUH.

O Subduer (Overpowering One), O Owner of severe might You are the One whose punishment / vengeance cannot be withstood.

اے سب پر غالب آنے والے ! اے سخت گرفت والے ! تو ہی وہ ذات ہے جس کی سزا / انتقام برداشت نہیں کیا جا سکتا۔

> To avert the enmity and mischief of enemy reciting YAA QAAHE-RO is tried and tested.

> دشمن کی شر انگیزی و دشمنی کو دفع کرنے کے لئے ''یَا قَاھِرُ'' کا ورد مجرب ہے۔

> To get rid of plentiful doubts and averting evil of enemy reciting YAA KAAFE-YO is tried and tested.

> مہمات کی کفایت اور دشمنوں کے شر کے دفع کرنے کے لئے ''یَا کَافِیُ'' کا ورد مجرب ہے۔

> It has been reported from Ma'ssom (a) for the protection from the evil of enemy the recitation of this zikr is very effective...

> امام معصومؑ سے منقول ہے کہ دشمن کے شر سے تحفظ کے لئے اس ذکر کا ورد بہت ہی مؤثر ورد ہے۔۔۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ

HASBUNAA ALLAAHU WANI'MA AL-WAKEELU WANI'MA AL-MAWLAA WANI'MA AN-NASEER

Allah is sufficient for us, and He is the best Disposer of affairs; and the best Protector / Master; and the best Helper.

اللہ ہمارے لیے کافی ہے، اور وہ بہترین کارساز ہے؛ اور بہترین مالک / سرپرست ہے؛ اور بہترین مددگار ہے۔

> To get rid of the harm of powerful enemy one should recite 2 rakat namaz like fajr then keep the face (cheek) on earth and recite this dua 3 times and blow on oneself...

> قوی دشمن کی ضرررسانی کو دور کرنے کے لئے ۲ رکعت نماز کے بعد اپنا چہرہ خاک پر رکھ کر اس دعا کو 3 مرتبہ پڑھے اور اپنے آپ پر پھونک مارے۔۔۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

يَا ذَالْعَرْشِ الْمَجِيْد يَا فَعَّالًا لِّمَا يُرِيْدُ اَسْئَلُکَ بِنُوْرِ وَجْهِکَ الَّذِیْ مَلَاَئَ اَرْکَانَ عَرْشِکَ وَبِقُدْرَتِکَ الَّتِیْ قَدَرْتَ بِهَا عَلٰی خَلْقِکَ وَبِرَحْمَتِکَ الَّتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شِیْئٍ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِی۔

YAA ZAL'ARSHI AL-MAJEED YAA FA''AALAN LIMAA YUREEDU AS'ALUKA BINOORI WAJHIKA ALLAZEE MALAA'A ARKAANA 'ARSHIKA WABIQUDRATIKA ALLATEE QADARTA BIHAA 'ALAA KHALQIKA WABIRAHMATIKA ALLATEE WASI'AT KULLA SHEE'IN LAA ILAAHA ILLAA ANTA YAA MUGHEETHU AGHITHNEE.

O Lord of the Glorious Throne, O Doer of whatever You will. I ask You by the light of Your Face which has filled the pillars of Your Throne, and by Your power through which You have full control over Your creation, and by Your mercy which has encompassed everything. There is no god except You O Rescuer, rescue me.

اے عظیم اور باعزت عرش کے مالک ! اے جو جو چاہے کر دینے والے ! میں تجھ سے تیرے چہرے کے نور کے وسیلے سے سوال کرتا ہوں جس نے تیرے عرش کے ستونوں کو بھر دیا، اور تیری اس قدرت کے وسیلے سے جس کے ذریعے تو اپنی مخلوق پر کامل اختیار رکھتا ہے، اور تیری اس رحمت کے وسیلے سے جو ہر چیز پر چھا گئی ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ اے فریاد رس ! میری فریاد کو پہنچ (میری مدد فرما)۔

> To be safe from the harm of enemy and acceptance of dua reciting YAA ZAL A’RSHIL MAJEED 1399 times during daytime is beneficial.

> دشمن کے ضرر سے بچنے اور دعا کی قبولیت کے لئے دن کے وقت 1399 مرتبہ ''یَا ذَالْعَرْشِ الْمَجِیْد'' کا ورد فائدہ مند ہے۔

> For taking revenge from the enemy reciting YAA FA’AA-LUL LEMAA YOREE-DO is beneficial.

> اگر کسی کا مقصد دشمن سے انتقام لینا ہو تو ''یَا فَعَّالُ لِّمَا یُرِیْدُ'' کا ورد فائدہ مند ہے۔

> To overcome the enemy reciting this zikr 2060 times in one sitting is tried and tested...

> دشمن پر غلبہ پانے کے لئے ایک ہی نشست میں 2060 مرتبہ اس ذکر کا ورد مجرب ہے۔۔۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

يَا رَبِّ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

YAA RABBI MAGHLOOBUN FANTASIR

O my Lord, I am overwhelmed (defeated) so grant me victory (help me).

اے میرے رب ! میں مغلوب / بے بس ہو گیا ہوں، پس میری مدد فرما (مجھے فتح عطا فرما)۔

> To get help of Allah (swt) and victory over the enemy reciting YAA NAASE-RO 339 times at night is beneficial.

> مدد خداوندی کے حصول اور دشمن پر کامیابی کے لئے رات کے وقت 339 مرتبہ ''یَا نَاصِرُ'' کا ورد نافع ہے۔

> It has been narrated from Ma'soom (a) that it is surprising about the one who is afraid of the enemy then why is he not reciting...

> معصومؑ سے مروی ہے کہ جو شخص دشمن سے ڈرتا ہے اس پر تعجب ہے کہ یہ کیوں نہیں کہتا۔۔۔

حَسْبُنَا اللهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ

HASBUNAA ALLAAHU WANI'MA AL-WAKEELU WANI'MA AL-MAWLAA WANI'MA AN-NASEER

Allah is sufficient for us, and He is the best Disposer of affairs; and the best Protector / Master; and the best Helper.

اللہ ہمارے لیے کافی ہے، اور وہ بہترین کارساز ہے؛ اور بہترین مالک / سرپرست ہے؛ اور بہترین مددگار ہے۔

> To overrule and get success on enemy reciting YAA NASEE-RO is beneficial.

> دشمن پر برتری و کامیابی کے لئے ''یَا نَصِیرُ'' کا ورد مفید ہے۔

> For safety from the enmity of the enemy and to gain superiority reciting YAA NASEE-RO 350 times during night is beneficial.

> دشمن کی دشمنی سے بچاؤ اور اس پر برتری پانے کے لئے رات کے وقت 350 مرتبہ ''یَا نَصِیرُ'' کا ورد مفید ہے۔

Free to read, copy and share

> If there is an intention of enmity or taking revenge the experts have suggested to recite YAA GHAALE-BO.

> اگر کسی کا مقصد دشمنی و انتقام لینا ہو تو اس کے لئے اسم اعظم کے شارحین نے ''یَا غَالِبُ'' کا ورد ذکر کیا ہے۔

> To get rid of the evil of enemy and for upper hand reciting YAA GHAALE-BO 1033 times is beneficial.

> دشمن کے شر کو دور کرنے اور اس پر غلبہ پانے کے لئے 1033 مرتبہ ''یَا غَالِبُ'' کا ورد نفع بخش ہے۔

> Sahifa-e-Sajjadiya-49 (https://fzic.org/library/dua/49-repelling-enemies-1375)

> صحیفۂ سجادیہ دعا - ۴۹ (https://fzic.org/library/dua/49-repelling-enemies-1375)

> Sahifa-e-Sajjadiya-60 (https://fzic.org/library/dua/60-fear-of-enemy-1386)

> صحیفۂ سجادیہ دعا - ٦٠ (https://fzic.org/library/dua/60-fear-of-enemy-1386)

> Protection from Enemies Qolillaahumma Malekal Mulke (https://fzic.org/library/dua/protection-from-enemies-1-2038)

> دعا دشمن سے محفوظ قُلِ اللّٰھُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ (https://fzic.org/library/dua/protection-from-enemies-1-2038)

> Protection from Enemies Allaahumma Sun Wajhi Bil-Yasaare (https://fzic.org/library/dua/protection-from-enemies-2-2039)

> دعا دشمن سے محفوظ اَللّٰھُمَّ صُنْ وَجْھِیْ بِالْیَسَارِ (https://fzic.org/library/dua/protection-from-enemies-2-2039)

Printed from https://fzic.org/library/quran/enemy-3939 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.